## سوال

(11) قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص میت کو ثواب پہنچتا ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص وقت ومکان کے میت کو ثواب پہنچتا ہے ۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی آیت سے یا حدیث سے تلاوت قرآن کی ثواب رسانی کا ثبوت نہیں ۔ نہ زمانہ رسالت میں اس کا ثبوت ملتا ہے ۔ حنفی علماء اس کو مالی عبادات پر قیاس کر کے جائز کہتے ہیں ۔ (19جون 1931عیسوی)

## شرفیہ

اس باب میں کچھ روایات یا آثار کتاب ثمار التنکیت فی ابیات التثبیت میں ہیں ۔ مگر اس وقت وہ کتاب موجود نہیں جو نقل کی جایئں ۔ ہاں نیل الاوطار سے بحیثیت مجموعی ملتا ہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک تلاوت قرآن کا ثواب بھی میت کو ملتا ہے ۔ ( نیل الاوطار ص79 ۔ 80) (ابو سعید شرف الدین دہلوی)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد2 ص19**